28/04/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کا بلیٹن لےکر میں بصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ مرکزی حکومت ملک کے عوام کو طبی نگہداشت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کی وعدہ بند// وزیر اعظم

*........ آب و ہوا کی تبدیلی کے نتیجے میں زراعت اور منسلک سکٹروں کو درپیش چلینجوں کا مقابلہ کرنے کےلئے اختراعی پالیسی اختیار کرنے پر لیفٹنٹ گورنر کا زور۔

*........ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے سرینگر میں PMGSY کے 3ہزار566 کروڑ روپے کے سینکشن لیٹر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو کئے تفویض۔

اور

*........ نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سیول اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے کارروائیاں لگاتار جا ری۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے عوام کےلئے طبی نگہداشت کی بہتر سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے اور اس ضمن میں غریب اور 70برس سے زیادہ عمر کے لوگوں کو آیوشمان کارڈ تقسیم کئے جا رہے ہیں۔

وہ آج سکم میں اس ریاست کے سٹیٹ ہُڈ کے 50سال مکمل ہونے کی تقریب میں اظہار کر رہے تھے، جہاں انہوننے4ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کی شروعات کی۔

-----PM----

مودی وارانسی

دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مو دی نے آج شام اُتر پردیش کے پارلیمانی حلقے وارانسی میں مہیلا سمیلن میں بھی شرکت کی۔ اس موقعے پر انہوننے6ہزار350کروڑ روپے لاگت والے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، جن میں سڑک، پانی، طبی نگہداشت ، سیاحت اور شہری بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ شامل ہے۔

وزیر اعظم نے اس موقعے پر دونئی امرت بھارت ٹرینوں کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی سرکار ملک کی پالیسی سازی میں خواتین کی شرکت بڑھانے کےلئے پُر عزم ہے۔

واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ کل اُتر پردیش کے ہردوئی جاکر وہاں گنگا ایکسپریس وے کا افتتاح کریں گے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آب وہوا کی تبدیلی کی وجہ سے زراعت اور اس سے منسلک سیکٹروں کو درپیش چلینجوں کا مقابلہ کرنے کےلئے اختراعی پالیسی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں میں Sustainable & Climate Resilient Agroecosystems:Innovations and Policy framework سے متعلق ایک قومی سمٹ سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ آب وہوا کی تبدیلی حیاتیاتی تنوع کے ہر ایک پہلو کو متاثر کر رہی ہے تاہم حکومت اس مسئلے پر قابو پانے کےلئے پُر عزم ہے۔

-----LG----

سنہا

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے ریڈیو شاردھا کے بانی رمیش ہانگلو کی کتاب "The Waves of Resilience-Story of Radio Sharda" کی رسم رونمائی انجام دی۔ اس موقعے پر منوج سنہا نے مالا مال ثقافتی میراث اور اقدار کو محفوظ کرنے کےلئے رمیش ہانگلو اور ان کی ٹیم کی سراہنا کی۔

لیفٹنٹ گورنر نے ساتھ ہی گیتوں اور کہانیوں کی صورت میں خطے کی روایات کو محفوظ کرنے اور علاقے کے شاعروں، سکالروں اور فنکاروں کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرنے میں ریڈیو شاردھا کی بھی ستائش کی۔

دریں اثناءپردیش بی جے پی کے ترجمان انکُر شرما نے آج لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی۔

شیوراج سنگھ

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار جموںو کشمیر میں نہ صرف سڑکوں کی تعمیر بلکہ دلوں کو جوڑنے کےلئے وعدہ بند ہے۔

سرینگر میں آج پر دھان منتری گرام سڑک یوجنا کے چوتھے مرحلے کے دوسرے بیچ SKICC کے3ہزار566کروڑ روپے کے سینکشن لیٹر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو سونپنے کے بعد تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جموںو کشمیر کےلئے صرف ایک سال میں8ہزار کروڑ روپے کے سڑک پروجیکٹ منظور کرانا ایک تاریخی حصولیابی ہے۔

------Shivraj----

-DAYاس موقعے پر وزیر موصوف نے24ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کےلئے کے تحت 4ہزار 568 کروڑ روپے منظور کئے-NRLM

چوہانCM

تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموںو کشمیر کے جغرافیائی اور موسمی حالات کے تناظر میں بہتر سڑک رابطوں کا ہونا نہایت ہی ضروری ہے۔

کے پہلے مرحلوں کے دوران دور افتادہ علاقوں کو سکولوں، بازاروں PMGSYانہوںنے کہا کہ اور اسپتالوں کے ساتھ جوڑا گیا۔ انہوںنے کہا کہ سرکار منظور شدہ پروجیکٹوں کی موثر عمل آور ی کو یقینی بنا کر بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی وعدہ بند ہے۔

------Omar----

تقریب پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل کمار شرما، ارکان پارلیمنٹ ، متعدد اسمبلی ممبران اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا کہ منظور شدہ سڑک پروجیکٹوں کی بدولت دیہی علاقوں کے لوگوں کو کا فی فائدہ ملے گا۔

-----DyCM-----

کھلا خط

اسی دوران کشمیر ویلی فروٹ گروورس کم ڈیلرس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے مرکزی وزیر زراعت شیو راج سنگھ شوہان کے نام ایک کھلا خط لکھا ہے۔

موصوف نے مرکزی وزیر سے ملاقات کر کے جمونو کشمیر کے زرعی شعبے اور باغبانی کے سیکٹر سے جڑے مسائل ، ان کے نپٹارے اور ان دونوں شعبوں میں بہتری لانے کی کئی تجاویز رکھیں۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے بشیر احمد بشیر نے اس بارے میں کہا۔

-Bashir Ah Bashir-

رہائی

ہٹائے PSAڈوڈہ معراج ملک پر سے کلMLAجمونوکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی طرف سے موصوف کو آج کھٹوعہ جیل سے رہا MLAجانے کے بعد عام آدمی پارٹی سے تعلق رکھنے والے کر دیا گیا۔

ڈوڈہ کے ضلع مجسٹریٹ کی طرف سے گزشتہ سال8ستمبر کے گرفتاری کے حکم کو کالعدم قرار دیتے ہوئے جسٹس محمد یوسف وانی نے معراج ملک کو احتیاطی گرفتاری سے بَری کرنے کے احکامات جا ری کئے۔

آج صبح جیل سے باہر آنے کے بعد معراج ملک نے کہا کہ وہ عوامی مسائل کو سامنے لانے کےلئے بات کرنا جا ری رکھے گے۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران پونچھ ضلعے میں سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات، ٹریفک نظامت اور دیگر ترقیاتی امور کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ترقیاتی پروگراموں کی منصوبہ بندی اور عمل آوری کے کام میں عوامی نمائندوں کو بھی شامل کریں۔ انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت دور افتادہ علاقونکے لوگوں کی راحت رسانی کےلئے وعدہ بند ہے۔

شرما

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے مزاہم زرعی ایکو سسٹم کےلئے اختراعی اقدامات کرنے کی فوری ضرورت اُجاگر کی ہے۔

سکاسٹ جموں میں منعقدہ ایک قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ خطے کی مخصوص ہمالیائی اکالوجی اور زرعی معیشت جمونو کشمیر کو ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کی پہلی صف میں کھڑا کر تی ہے۔

انہوننے کہا کہ اس بارے میں ہمارا ردعمل بھی سائنسی بنیاد کا ہونا چاہئے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جمونو کشمیر میں تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں کو فروغ دینے کےلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہیں۔

آج گورنمنٹ گرلز ہائر سکنڈری سکول خشخاش باغ سعیدہ کدل سرینگر میں کا دورہ کر نے کے بعد انہوننے اس سکول کےلئے12لاکھ روپے واگذار کئے۔

سلمان MLA اسی دوران گجر بستی ہارون سے تعلق رکھنے والا ایک وفد آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر علی ساگر سے ملاقی ہوا اور انہیں اپنے مسائل کے بارے میں جانکاری دی۔

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کا اجلاس ونگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں سرینگر میں منعقد ہوا جس میں آنے والے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات کا تبادلہ خیال کیا گیا۔

اننت ناگ

اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ننون پہلگام کا دورہ کر کے وہاں اس سال سالانہ DC شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ محکموں اور افسروں کو اس سال کی یاترا کو نہایت احسن طریقے پر کامیاب بنانے کےلئے نقائص سے پاک تمام تیاریاں اور انتظامات پیشگی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے  DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

-----

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

**----(DRUGS)--LG-----**

**نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے مینمحکمہ صحت میں تعینات کنسلٹنٹ ڈاکٹر محمدیوسف ٹاک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**----**

**اشیش چندرا**

**کی صدارت میں آج شیخ العالم ڈگری Verma ایڈیشنل چیف سیکریٹری سیاحت ڈاکٹر اشیش چندرا کالج بڈگام میں نشہ مکت ابھیان کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔**

**اس موقعے پر انہوننے پروگرام کے شرکاءکو منشیات کے خلاف ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا حلف دلایا۔ انہوننے منشیات کی بدعت پر قا بو پانے کےلئے سماجی شرکت اور ادارہ جا تی جواب دہی یقینی بنانے پر زور دیا۔**

**آلو**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلع انتظامیہ سرینگر اور جمونو کشمیر کلچرل اکیڈیمی کے ہائر سکنڈری سکول سرینگر میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔SPاشتراک سے بھی**

**پروگرام کے دوران طلباءاور نوجوانوں کو منشیات سے دور رہنے کی تلقین کی گئی۔ اس کال تھیٹر سرینگر کی جانب سے ایک فکر انگیز اور سبق آموز ڈرامہ” Curtain سلسلے میں آلو“ پیش کیا گیا جس میں منشیات سے متاثرہ افراد اور ان کے کنبوں اور معاشرے پر پڑنے والے اثرات کی عکاسی کی گئی تھی۔**

**IUST**

**اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی طرف سے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت گورنمنٹ ہائی سکول بارسو میں منشیات کے خلاف ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا۔**

**اس موقعے پر یونیورسٹی کی میڈیکل آفیسر ڈاکٹر زاہدہ رسول نے منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں شرکاءکو روشناس کیا۔**

**یونیورسٹی نے اس گاؤں کو اُنّت بھارت ابھیان کے تحت اختیار کیا ہے۔**

**کشمیر پولیس-1**

**جمونو کشمیر پولیس کی جانب سے بھی نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سمگلروں کے خلاف کارروائیاں لگا تار جا ری ہیں۔ اس سلسلے میں آج بھی کئی منشیات سمگلروں کو گرفتار کیا گیا جبکہ کئی مقامات پر چھاپہ مار کارروائی عمل میں لائی گئی اور کچھ اثاثے بھی قرق کئے گئے ۔**

**اس سلسلے میں شوپیان پولیس نے آج خشخاش کی کاشت کے خلاف کارروائی عمل میں لا تے درج کئے گئے جبکہ کپواڑہ، اونتی پورہ، ہندواڑہ اور اننت ناگ سے الگ الگ FIRہوئے دو کارروائیوں کے دوران4سمگلروں کو گرفتار کیاگیا۔**

**سرینگر پولیس کی جانب سے سلطان محلہ سعیدہ کدل میں بلال احمد پٹو نام کے ایک بد نامِ زمانہ ڈرگ سمگلر کی ڈیڑھ کروڑ مالیت کی جائیداد ضبط کی گئی۔**

**اسی طرح سے بڈگام پولیس نے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت ایک کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ضوابط کی پاسداری نہ کرنے والی5دکانوں کو سربمہر کر دیا ہے۔**

**کشمیر پولیس-2**

**اسی طرح کی ایک کارروائی میں سوپور میں بھی2دکانیں سربمہر کی گئیں۔ اننت ناگ سے پولیس نے منشیات کا کاروبار کرنے کے عادی8مزید سمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔**

**اس دوران پولیس کی جانب سے منشیات کا استعمال کرنے والے تین افراد کی ڈرائیونگ لائسنس منسوخ کی گئی ہیں۔**

**سلنڈروں کو غلط استعمال کرنے والے ایک ڈسٹریبوٹر کے LPGپلوامہ پولیس کی جانب سے ہی خلاف کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے اور اسکے 80سلنڈروں کو ضبط کیا گیا۔**

**بارہمولہ پولیس کی جانب سے سوِک ایکشن پروگرام کے تحت شوکت علی اسٹیڈیم میں ایک کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا۔ اس موقعے پر پولیس نے کہا کہ وہ منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر یقینی بنانے میں پیش پیش ہے۔**

**شاہین**

**جمونو کشمیر جنتا دل یونائٹیڈ کے صدر جی ایم شاہین نے، ان کے بقول، جمونو کشمیر میں مفلوج انتظامی نظام پر تنقید کی ہے۔**

**ایک بیان میں انہوننے کہا ہے کہ سرکار کی لگاتار نا اہلی سے عوامی مسائل کی چارہ جوئی نہیں ہو پا رہی ہے۔**

عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت شیخ یعقو ب صرفیؒ کا عرس مبارک30اپریل کو ان کے آستان عالیہ واقع محلہ عیشان زینہ کدل سرینگر میں مناجا رہا ہے۔

اس سلسلے میں وہاں نماز مغرب سے نماز عشاءتک ختمات المعظمات اور درود و ازکار کی مجلس آراستہ ہو گی۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ نے دہشت پسندی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے مسئلے کے خلاف ایک مشترکہ محاذ کھولنے پر زور دیا دیتے ہوئے ان عناصر کےلئے دستیاب وسائل کو تہس نہس کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

کانفرنس میں بول رہے تھے۔SCOمیں منعقدہ وزراءدفاع کیBishkek وہ کِر گستان کے

-----Rajnath Singh----

اشونی

ریلویز اور اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج وشاکھا پٹنم میں آندھرا کا Google Cloud India AI Hubچندر بابو نائیڈو کی موجودگی میںNپردیش کے وزیراعلیٰ سنگ بنیاد رکھا۔

تقریب سے خطاب کر تے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ ملک مصنوعی ذہانت اورالیکٹرانکس کے شعبے میں بڑے پیمانے پر پیداوار بڑھانے کی راہ پر گامزن ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 44منٹ اور**

**غروب آفتاب شام7 بجکر13منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ**

**.............................**

**...............**

**........**